ASIAN AMERICANS ADVANCING JUSTICE AAJC

BPSOS · Chinese Community Center 中華文化服務中心 · Daya · EMGAGE · FANHS · JACL · Korean American Voters League · OCA - Asian Pacific American Advocates · UNIPRO · Hiệp Lực VN Teamwork

کیا آپ ووٹ دینے کے لئے تیار ہیں: ٹیکساس؟

15 اکتوبر 2020، جمعرات کو اپ ڈیٹ شدہ

3 نومبر 2020، منگل کو الیکشن کا دن ہے

ووٹ ڈالتے ہوئے، آپ کو ان باتوں کا حق حاصل ہوگا:

☑ اگر آپ کو انگریزی میں کچھ مشکل پیش آتی ہے، تو اپنی مرضی کے کسی فرد کو ہمراہ لائیں تاکہ وہ ووٹنگ بوتھ میں ووٹ کرنے میں آپ کی مدد کرے۔

☑ مخصوص جگہوں میں گورنمنٹ کی جانب سے لسانی معاونت وصول کیجیے۔

☑ دوسروں کی جانب سے تعصب یا سراسیمگی کا شکار ہوئے بغیر ووٹ دیجیے۔

➢ پولز پر تعصب برتنا یا سراسیمہ کیا جانا یوں دکھائی دے سکتا ہے کہ آپ کو براساں کیا جا رہا ہو یا آپ کے ووٹ دینے کے حق سے انکار کیا جا رہا ہو جس کی وجہ آپ کا لہجہ ہو سکتا ہے یا ایسے بے بنیاد دقیانوسی خیالات کے تحت آپ کے ووٹ دینے کے حق کو چیلنج کیا جا رہا ہو کہ آپ اپنی نسل کی وجہ سے ایک شہری نہیں ہیں۔

ٹیکساس میں کون ووٹ دے سکتا ہے

- ایک امریکی شہری؛
- اس کاؤنٹی کا ایک رہائشی جہاں آپ نے اپنی ووٹر رجسٹریشن کی درخواست جمع کروائی ہو؛
- الیکشن کے دن آپ کی عمر 18 سال ہو۔
- ایک سزایافتہ مجرم نہیں (اگر آپ اپنی سزا، آزمائشی مدت، یا پیرول مکمل کرچکے ہیں تو آپ ووٹ کے لئے اہل ہو سکتے ہیں)؛ اور
- آزمائشی دائرہ اختیار پر عمل پیرا عدالت کی جانب سے یہ وضاحت نہ کی گئی ہو کہ یا تو پوری طرح ذہنی قابلیت نہیں رکھتے یا ووٹ دینے کے حق کے بغیر جزوی طور پر ذہنی قابلیت نہیں رکھتے۔

ایک بیلٹ کاسٹ کرنے کی خاطر آپ کو ووٹ دینے کے لئے رجسٹر ہونا چاہئے۔

اہم تاریخیں

- پیر، 5 اکتوبر - ووٹ کے لئے رجسٹر ہونے کی حتمی تاریخ۔
- منگل، 13 اکتوبر - جمعہ، 30 اکتوبر - پیشگی ووٹنگ کی مدت
- جمعہ، 23 اکتوبر - ڈاک کے ذریعے ووٹ کی درخواست دینے/غیر حاضر کے بیلٹ کی حتمی تاریخ۔
- منگل، 3 نومبر - الیکشن کا دن! اپنی پولنگ کی جگہ پر بذات خود ووٹ ڈالیے۔
- بدھ، 4 نومبر - یقینی بنائیے کہ ڈاک/ غیر حاضر کے بیلٹ کے ذریعے آپ کا ووٹ الیکشن کے حکام کی جانب سے وصول کر لیا گیا ہے۔

ووٹر کی رجسٹریشن: کیا آپ رجسٹر شدہ ہیں؟

- کیا آپ اس سے پہلے ووٹ کے لئے رجسٹر کروا چکے ہیں؟
  - جی ہاں
    - *تصدیق کیجیے کہ آپ ابھی بھی وہاں رجسٹر شدہ ہیں جہاں آپ فی الوقت رہتے ہیں (پیج تک رسائی حاصل کرنے کے لئے آپ کو شاید URL کو اپنے براؤزر میں براہ راست کاپی/ پیسٹ کرنے کی ضرورت ہو):* https://teamrv-mvp.sos.texas.gov/MVP/mvp.do
    - اگر آپ اب مزید رجسٹر شدہ نہیں ہیں، تو آج ہی دوبارہ رجسٹر کروائیے: https://vrapp.sos.state.tx.us/index.asp
    - اگر آپ درست پتے پر رجسٹر شدہ نہیں ہیں، تو آج ہی اپنی رجسٹریشن کو اپ ڈیٹ کروائیے: https://txapps.texas.gov/tolapp/sos/SOSACManager
  - نہیں، آپ 2020 کے جنرل الیکشن میں ووٹ ڈالنے کے لئے پیر، 5 اکتوبر تک رجسٹر ہو سکتے ہیں۔
    - ڈاک
      - ایک آن لائن فارم یہاں پُر کیجیے، پرنٹ کیجیے، اور میل کیجیے: https://vrapp.sos.state.tx.us/index.asp
- قومی ڈاک ووٹر رجسٹریشن فارم کا استعمال کرتے ہوئے: https://www.eac.gov/voters/national-mail-voter-registration-form
  - قومی ڈاک ووٹر رجسٹریشن فارم کو امریکی شہریوں کو ووٹ کے لئے رجسٹر کرنے، نام کی تبدیلی کی وجہ سے رجسٹریشن کی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے، پتے میں تبدیلی کرنے، یا کسی سیاسی پارٹی کے ساتھ رجسٹر ہونے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
  - آپ کو اپنی ریاست کے لیے فہرست کردہ مخصوص ریاستی ہدایات کی پابندی کرنی چاہیئے۔ یہ فارم کے صفحہ 3 سے شروع ہوتی ہیں اور ریاست کے اعتبار سے حروف تہجی کی ترتیب سے فہرست شدہ ہیں۔ اس فارم کو پُر کرنے کے بعد، آپ کو وہاں اپنے نام کے دستخط کرنے چاہئیں جہاں نشاندہی کی گئی ہو اور اسے کارروائی کے لئے اپنی ریاست یا الیکشن کے مقامی دفتر کو بھیجنا چاہیئے۔ یقینی بنائیے کہ آپ اسے ایک لفافے میں ڈال کر ڈاک ٹکٹ کی مناسب تعداد کے ساتھ ڈاک کر رہے ہیں۔
  - فارم کو 15 زبانوں میں ڈاؤن لوڈ کیجیے:
    - **قومی ڈاک ووٹر رجسٹریشن فارم – انگریزی**
    - طلب تسجيل الناخب – عربی
    - **بنگالی** –ডাক ভোটার নিবন্ধন ফরম জাতীয়
    - **چینی** –国家邮件选民登记表
    - **فرانسیسی** – Inscription sur les listes électorales
    - **ہائیٹین کریول** – Aplikasyon Enskripsyon Elektè
    - **ہندی** –डाक मतदाता पंजीकरण फॉर्म राष्ट्रीय
    - **جاپانی** –国立メール有権者登録フォーム
    - **خمیر** –ទម្រង់បែបបទនៃការចុះឈ្មោះអ្នកបោះឆ្នោតថ្នាក់ជាតិ
    - **کورین** –전국 우편 유권자 등록 양식
    - **پرتگالی** – Solicitação para cadastro de eleitor
    - **روسی** – Заявка на регистрацию избирателя
    - **ہسپانوی** – Formulario nacional de inscripción de votantes
    - **تگالوگ** – National Mail Form ng Pagpaparehistro ng Botante
    - **ویتنامی** – Mẫu đăng ký quốc gia Thư cử tri
      - یقینی بنائیے کہ آپ کے پاس رجسٹر کروانے کے لئے ضروری دستاویزات ہیں۔

ووٹ بذریعہ ڈاک (VBM)/غیرحاضر کا بیلٹ

- میں VBM/غیر حاضر کے بیلٹ کی درخواست کیسے دوں؟
  - :غیر حاضر کا بیلٹ کاسٹ کرنے کے تقاضے/VBM
    - 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کا ہونا؛
    - بیمار یا معذور ہونا؛
    - الیکشن کے دن اور پیشگی ووٹنگ کے لئے بذاتِ خود پیش ہونے کی مدت کے دوران، کاؤنٹی سے باہر ہونا؛ یا
    - جیل میں بند ہونا، لیکن اس کے علاوہ اہل ہیں۔
  - اگر آپ VBM/غیر حاضر کا بیلٹ کاسٹ کرنے کے لئے اہل ہیں اور ایسی درخواست کرنا چاہتے ہیں، تو ابھی بھی ایسا کرنے کا وقت ہوسکتا ہے۔
    - حتمی تاریخ: جمعہ، 23 اکتوبر (جب VBM/غیر حاضر کے بیلٹ کی درخواست کو وصول ہو جانا چاہیئے)
    - الیکشن منعقد کروانے والے اپنے مقامی یا کاؤنٹی دفتر کو کال کیجیے اور ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے، ڈاؤن لوڈ کرنے، پرنٹ کرنے کی درخواست کو، آپ تک بھیجے جانے کی استدعا کیجیے، اور VBM/غیر حاضر کے بیلٹ کی درخواست یہاں ارسال کیجیے:_ https://webservices.sos.state.tx.us/forms/5-15f.pdf.
      - VBM/ غیر حاضر کے بیلٹ کے لئے الیکشن سے 60 دن پہلے تک جلد از جلد اپنی درخواست ارسال کیجیے۔ اس سے آپ کو اپنا بیلٹ وصول کرنے، اسے نشان زد کرنے، اور پیشگی ووٹنگ کے کلرک کو بذریعہ ڈاک واپس بھیجنے کے لئے کافی وقت مل جائے گا۔
      - ووٹ ڈالنے کے لئے درخواستوں کو ڈاک، ای میل، عمومی یا کنٹریکٹ کیرئیر، یا (اگر پیشگی ووٹنگ کے کلرک کے دفتر میں فیکس مشین دستیاب ہو تو) فیکس کے ذریعے جمع کروانا چاہیئے؛ اگر آپ درخواست کو ای میل یا فیکس کے ذریعے جمع کرواتے ہیں، تو آپ کو چار کاروباری دنوں کے اندر کلرک کو اصل درخواست بذریعہ ڈاک بھیج دینی چاہیئے۔
      - اگر آپ بذریعہ ڈاک ووٹ ڈال رہے ہیں کیونکہ آپ معذور ہیں یا 65 سال یا اس سے زائد عمر ہیں، تو آپ ایک کیلنڈر سال میں تمام کاؤنٹی الیکشنز کے لئے بذریعہ ڈاک بیلٹس کی درخواست کرنے کے لئے ایک واحد درخواست استعمال کر سکتے ہیں۔ اگرچہ آپ یہ "سالانہ" درخواست کیلنڈر سال کے دوران کسی بھی وقت جمع کروا سکتے ہیں، تاہم اسے اس الیکشن سے کم از کم 11 دن پہلے موصول ہوجانا چاہیئے جس کے لئے آپ بذریعہ ڈاک بیلٹ کی درخواست کے خواہاں ہیں۔
      - عمومی طور پر، VBM/ غیر حاضر کا بیلٹ اس پتے پر ڈاک کے ذریعے بھیجا جانا چاہیئے جہاں آپ ووٹ کے لئے رجسٹرڈ شدہ ہیں۔ بہرحال، اگر آپ 65 سال یا اس سے زائد عمر ہیں یا کسی جسمانی معذوری کا شکار ہیں، تو آپ کسی ہسپتال، نرسنگ ہوم یا طویل مدتی نگہداشت کی سہولت، ریٹائرمنٹ سنٹر، یا کسی رشتہ دار کو اپنا VBM/غیر حاضر کا بیلٹ بھجوانے کا کہہ سکتے ہیں، لیکن آپ کو فارم پر اس خالی جگہ کو ضرور ملاحظہ کرنا چاہیئے جو نشاندہی کرتی ہو کہ آپ کون سا پتہ فراہم کر رہے ہیں۔ اگر آپ کے بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کی وجہ یہ ہو کہ آپ کاؤنٹی سے باہر ہیں، تو بیلٹ کو کاؤنٹی سے باہر کے کسی پتے پر ڈاک کے ذریعے بھیجا جانا چاہیئے۔

- میں اپنا VBM/غیر حاضر کا بیلٹ کیسے واپس کرسکتا/سکتی ہوں؟
  - ہدایات VBM/غیر حاضر کے بیلٹ کے ساتھ شامل ہیں۔ ان ہدایات کی، احتیاط سے اور پوری طرح پابندی کرتے ہوئے اپنا VBM/غیر حاضر کا بیلٹ مکمل کیجیے۔
  - اگر آپ اپنا VBM/غیر حاضر کا بیلٹ واپس ڈاک میں بھیجنے کے لئے U.S. پوسٹل سروس استعمال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں،
    - امریکہ کے اندر غیر-ملٹری اور ملٹری ووٹرز جنہوں نے ڈاک کے ذریعے بیلٹ کے لئے درخواست جمع کروائی ہو، ان سے بیلٹس وصول کرنے کی حتمی تاریخ اس صورت میں بدھ، 4 نومبر کی شام 5 بجے ہے اگر کیرئیر کے لفافے کا پوسٹ مارک یہ ظاہر کرتا ہو کہ وہ الیکشن کے دن، منگل، 3 نومبر کو ڈاک میں تھا۔
    - مکمل کئے گئے بیلٹ پر ایڈریس لکھیے اور ڈاک کے ذریعے اپنی کاؤنٹی میں پیشگی ووٹنگ کے کلرک کو بھیج دیجیے۔
    - پیشگی ووٹنگ کے کلرکس کے لئے پتے یہاں دستیاب ہیں: https://www.sos.texas.gov/elections/voter/county.shtml
      - تجویز: اسے جلد انجام دیجیے! کم از کم، اسے الیکشن کے دن سے کم از کم ایک ہفتہ پہلے واپس ارسال کیجیے۔
  - اگر آپ اپنا VBM/غیرحاضر کا بیلٹ دستی دینے کا ارادہ رکھتے ہیں،
    - تو اسے الیکشن والے دن، منگل، 3 نومبر کو شام 7 بجے قبل از وقت ووٹنگ کے کلرک کے آفس میں پہنچائیے۔ قبل از وقت ووٹنگ کے کلرکس کے لئے پتے یہاں دستیاب ہیں: https://www.sos.texas.gov/elections/voter/county.shtml
    - آپ کو ID کی ایک مصدقہ صورت درکار ہوگی۔ *(مثالوں کے لئے ذیل میں دیکھیے)*

§ اگر آپ کو بیلٹ موصول نہ ہو یا وقت پر موصول نہ ہو تو ایک لائحۂ عمل ترتیب دیجیے۔

بذاتِ خود ووٹنگ

- اگر آپ کو پیشگی ووٹنگ کا اختیار ہو، اور آپ قبل از ووٹ دینا چاہیں:
  - § پیشگی ووٹنگ کی مدت: منگل، 13 اکتوبر - جمعہ، 30 اکتوبر، 2020
  - § کوئی رجسٹر شدہ ووٹر ذاتی طور پر پیش ہو کر (بذاتِ خود) پیشگی ووٹ دے سکتا ہے۔ آپ اپنی رجسٹریشن کی کاؤنٹی میں کسی پیشگی ووٹنگ کی جگہ پر ووٹ دے سکتے ہیں۔
  - § آپ پیشگی ووٹنگ کی جگہیں یہاں معلوم کرسکیں گے *(پیج تک رسائی حاصل کرنے کے لئے آپ کو URL کو براہ راست اپنے براؤزر میں کاپی/پیسٹ کرنے کی ضرورت ہوگی)*: https://teamrv-mvp.sos.texas.gov/MVP/mvp.do، جس کو پیشگی ووٹنگ کے شروع ہونے سے چند دن پہلے ووٹنگ سائٹس سے پر کیا جائے گا۔ یا، آپ اپنی کاؤنٹی کے [ریاست اور کاؤنٹی الیکشنز کے لئے پیشگی ووٹنگ کے کلرک](https://www.sos.texas.gov/elections/voter/county.shtml) (https://www.sos.texas.gov/elections/voter/county.shtmlسے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، کئی اخبارات پیشگی ووٹنگ اور الیکشن کے دن کی پولنگ کی جگہوں کو شائع کریں گے، تاکہ آپ وہاں معلومات تلاش کر سکیں۔

- اگر آپ الیکشن کے دن ووٹ دینے کا ارادہ رکھتے ہیں:
  - § پولنگ کے مقامات صبح 7 سے شام 7 تک کھلے ہوں گے۔ اگر آپ شام 7 بجے پر پولنگ کی جگہ پر ہوں، تو قطار میں لگے رہیں اور آپ کو اپنا ووٹ کاسٹ کرنے کی اجازت دے دی جائے گی۔
  - § اپنی پولنگ کی جگہ معلوم کیجیے:
    - ○ آپ پیشگی ووٹنگ کے مقامات یہاں معلوم کر سکیں گے *(پیج تک رسائی حاصل کرنے کے لئے آپ کو URL کو براہ راست اپنے براؤزر میں کاپی/پیسٹ کرنے کی ضرورت ہوگی)*: https://teamrv-mvp.sos.texas.gov/MVP/mvp.do
    - ○ اپنے حلقے کے لئے پولنگ کی جگہ کا پتہ معلوم کرنے کے لئے الیکشن سے پہلے ہفتے کے دن اپنا مقامی اخبار ملاحظہ کیجیئے۔ اگر آپ کے پاس [تصویری شناخت کی سات (7) قابل قبول صورتوں](#) میں سے کوئی موجود نہیں ہے اور آپ معقول انداز میں ایسی ایک حاصل نہیں کرسکتے، تو الیکشن حکام کو [شناخت کا معاونتی فارم](#) دکھائیے اور رکاوٹ کا ایک معقول وضاحتی بیان دیجیئے۔ جو ووٹنگ مشین وہ استعمال کر رہے ہوں اس کی قسم پر منحصر، وہ آپ کو ایک کاغذی بیلٹ یا، الیکٹرونک ووٹنگ مشین کے لئے، کوئی نمبر یا بیلٹ فعال کار کارڈ فراہم کریں گے جو آپ کے لئے مشین پر ووٹ ڈالنا ممکن بنائے گا۔

- ٹیکساس میں ووٹ ڈالنے کے لئے ووٹر ID درکار ہے۔
  - § ووٹر ID کی قابلِ قبول اقسام:
    - ○ محکمہ ٹیکساس برائے عوامی تحفظ (DPS) کی جانب سے جاری کردہ ٹیکساس کا ڈرائیور لائسنس
    - ○ DPS کی جانب سے جاری کردہ ٹیکساس الیکشن شناخت کا سرٹیفیکیٹ
    - ○ DPS کی جانب سے جاری کردہ ٹیکساس کا ذاتی شناختی کارڈ
    - ○ DPS کی جانب سے جاری کردہ ٹیکساس ہینڈ گن لائسنس
    - ○ اس شخص کی فوٹوگراف پر مشتمل امریکی فوج کا شناختی کارڈ
    - ○ اس شخص کی فوٹوگراف پر مشتمل امریکہ کا شہریت کا سرٹیفکیٹ
    - ○ امریکی پاسپورٹ (کتاب یا کارڈ)

    امریکی شہریت کے سرٹیفکیٹ کے علاوہ، جو زائد المیعاد نہیں ہوتا، 69-18 سال کے ووٹرز کے لئے، فوٹو سے شناخت کی قابل قبول صورت یہ ہوگی کہ اسے پولنگ کی جگہ پر ووٹر کی قابلیت کے لئے پیش کئے جانے سے پہلے زائد المیعاد ہوئے چار سال سے زیادہ کا عرصہ نہ ہوا ہو۔ 70 سال یا اس سے زیادہ کے ووٹرز کے لئے، فوٹو کی شناخت کی قابلِ قبول صورت اس صورت میں وقت کی کسی بھی مدت کے لئے زائد المیعاد ہو سکتی ہے اگر اس کے علاوہ کوئی شناخت مصدقہ ہو۔
  - § اگر آپ کے پاس اوپر فہرست شدہ ووٹر ID کی قابل قبول صورتوں میں کوئی موجود نہ ہو اور آپ ان میں سے کوئی معقول انداز میں حاصل بھی نہ کر سکتے ہوں، تو آپ مندرجہ ذیل کو استعمال کر سکتے ہیں:
    - ○ سرکاری دستاویز کی نقل یا اصل جو ووٹر کے ووٹر رجسٹریشن سرٹیفکیٹ سمیت ووٹر کے نام اور ایک پتے کو ظاہر کرتی ہوں؛
    - ○ موجودہ اصل یوٹیلٹی بل یا اس کی نقل؛
    - ○ بینک کی اصل اسٹیٹمنٹ یا اس کی نقل؛
    - ○ اصل گورنمنٹ چیک یا اس کی نقل؛
    - ○ اصل پے چیک یا اس کی نقل؛ یا
    - o (a) (کسی امریکی ریاست یا علاقے کی جانب سے) پیدائش کا سند یافتہ اصل سرٹیفکیٹ یا اس کی نقل یا (b) کسی قانونی عدالت میں جمع کروانے کے لائق پیدائش کی تصدیق کرنے والی دستاویز جو ووٹر کی شناخت کی تصدیق کرتی ہو (جس میں بیرون ملک پیدائش کی دستاویز بھی شامل ہو سکتی ہے)۔اگر آپ ووٹر ID کی یہ

دیگر اقسام استعمال کر رہے ہوں، تو آپ سے درکار ہوگا کہ پولنگ کی جگہ پر رکاوٹ کا ایک معقول وضاحتی بیان دیں، اس بات کو نوٹ کرتے ہوئے کہ آپ کی معقول رکاوٹ کے لئے تصویری شناخت کی ایک قابل قبول صورت حاصل کی گئی ہوگی، جس میں یہ بیان دیا جارہا ہو کہ وضاحتی بیان میں شامل معلومات سچ ہیں، کہ آپ وہی فرد ہیں جو وضاحتی بیان پر دستخط کرنے کے لئے پولنگ کی جگہ پر بذاتِ خود پیش ہو رہے ہیں، اور یہ کہ آپ کو تصویری شناخت کی قابل قبول صورت حاصل کرنے میں معقول رکاوٹ کا سامنا ہے۔ ووٹر ID کی قابلِ قبول صورت کو بھلا دینا ایک معقول رکاوٹ نہیں سمجھی جائے گی۔

- اپنے حقوق کو جانیے: عارضی بیلٹس
  - § عارضی بیلٹ کا شمار کروانے کے لئے ووٹر سے درکار ہوگا کہ الیکشن کی تاریخ سے چھ کیلنڈر دن کے اندر کاؤنٹی ووٹر رجسٹرار کے آفس میں جائیں تاکہ یا تو فوٹو ID کی قابل قبول صورت پیش کریں یا، اگر ووٹر کے پاس فوٹو ID کی قابل قبول صورت نہیں ہے اور وہ معقول انداز میں اسے حاصل نہیں کرسکتا، تو رکاوٹ کے معقول وضاحتی بیان کی کارروائی اپنائیں، یا، اگر لاگو ہوتا ہو، تو کاؤنٹی ووٹر رجسٹرار کی موجودگی میں ان FAQs (مذہبی اعتراض یا قدرتی آفت) میں مذکورہ عارضی حلفی بیانات میں سے ایک جمع کروائیں، یا، اگر لاگو ہوتا ہو، کاؤنٹی ووٹر رجسٹرار کے ساتھ ان FAQs میں مذکورہ معذوری کے استثنا کی اہلیت حاصل کیجیئے۔

لسانی معاونت

آپ کو ووٹنگ کے دوران لسانی معاونت کا حق حاصل ہے۔

- ووٹنگ رائٹس ایکٹ کا سیکشن 203، مخصوص دائرہ اختیار کا تقاضا کرتا ہے تاکہ انگریزی میں محدود مہارت والے ووٹرز کی نمایاں تعداد والے علاقوں میں زبانوں-میں ووٹنگ کا مواد فراہم کیا جائے۔ ٹیکساس میں، ہیرس (Harris) کاؤنٹی کو چینی اور ویتنامی میں مواد فراہم کرنا چاہیئے، اور ٹیرینٹ (Tarrant) کاؤنٹی کو ویتنامی میں مواد فراہم کرنا چاہیئے۔
- ووٹنگ رائٹس ایکٹ کے سیکشن 208 کے تحت آپ خود *اپنا ترجمان/یا مترجم پولز میں لا سکتے ہیں، جب تک کہ وہ آپ کے آجر یا آپ کی یونین کے ایجنٹ نہ ہوں۔*
  - § **تجویز: اگر آپ کو لسانی معاونت درکار ہو تو، مدد کے لئے پوچھیئے اور مدد کرنے پر رضامند کوئی شخص تلاش کیجیئے!**
- کسی اضافی لسانی معاونت کے تقاضوں کے لئے اپنے ریاستی اور قانونی قوانین ملاحظہ کیجیئے۔

مزید معلومات کے لئے، یہاں جائیے:

https://www.votetexas.gov/index.html

www.advancingjustice-aajc.org/election2020

اگر آپ کے ووٹنگ کے بارے میں کوئی سوالات ہوں، اس بات سے قطع نظر کہ وہ بڑے ہیں یا چھوٹے،
1-888-API-VOTE (1-888-274-8683) پر ہمیں یہاں کال کیجیئے تاکہ ان زبانوں میں آپ کی مدد کی جائے
انگریزی، مینڈارن (普通話)، کینٹنی (廣東話)، کورین (한국어)، ویتنامی (tiếng Việt)، تگالوگ، اردو (اردو)، ہندی (हिंदी)، اور بنگالی/بنگلہ (বাংলা)۔ ہم آپ کو الیکشن والے دن تک، اس دن، اور اس کے بعد دی جانے والی معاونت فراہم کرنے کے لئے دستیاب ہیں۔